کہہ دیجئے واسطے مسلمانوں کے کہ نیچی رکھیں آنکھیں اپنی اور حفاظت کریں شرمگاہوں اپنی کی یہ بہت پاکیزہ ہے واسطے ان کے بے شک اللہ تعالیٰ کو سب خبر ہے ساتھ اس چیز کے کہ کرتے ہیں۔

(۵۶) بُرے شخص کو دوست مت بناؤ:۔

اے افسوس مجھ کو کاش کہ نہ پکڑتا فلانے کو دوست

(۵۷) خرچ میں میانہ روی و اعتدال:۔

اور وہ لوگ کہ جس وقت کرتے ہیں نہیں بیجا خرچ کرتے اور نہیں تنگی کرتے اور ہوتی ہے درمیان اس کے معتدل گذران۔

(۵۸) سیر و سیاحت کیا کرو:۔

کہ سیر کرو بیچ زمین کے پس دیکھو کہ کیوں کر ہوا انجام

Marfat.com

عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ○ (النمل)

(۵۹) نماز برائیوں سے روکتی ہے:-

اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ط وَلَذِكْرُ

اللّٰهِ اَكْبَرُ ط وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ ○ (العنکبوت)

(۶۰) تفکر و علم اور روحانی و مادی سائنس کی دعوت:-

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ

اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ○ (روم)

(۶۱) دنیا میں بدامنی اور فتنہ فساد کیوں پھیل جاتا ہے:-

ظَهَرَ[1] الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِی

---

[1] اگر صاحب ناظم درس چاہیں تو ان تمام آیات پر مزید روشنی ڈال کر

آسمان و زمین کے روحانی معاشی مادی اسباب و اغراض اور مفاد

Marfat.com

گنہگاروں کا۔

(۵۹) نماز برائیوں سے روکتی ہے:۔

بیشک نماز (اپنی وضع کے اعتبار سے) منع کرتی ہے بیحیائی سے اور ناشائستہ کاموں سے اور اللہ کی یاد بہت بڑی ہے اور اللہ جانتا ہے جو کچھ کہ کرتے ہو تم۔

(۶۰) تفکر و علم اور روحانی و مادی سائنس کی دعوت:۔

اور اس کی نشانیوں سے ہے پیدا کرنا آسمانوں کا اور زمین کا اور اختلاف بولیوں اور رنگوں تمہارے کا تحقیق بیچ اس کے البتہ نشانیاں ہیں واسطے عالموں کے۔

(۶۱) دنیا میں بدامنی اور فتنہ و فساد کیوں پھیل جاتا ہے:۔

پھیل گیا فساد بیچ خشکی اور تری بسبب اس چیز کے کہ کمایا ہے ہاتھوں

ضروریات حاضرہ کے مطابق تفسیر تشریح اور توضیح فرماسکتے ہیں۔ پیدائش

ظاہر و باہر ہیں۔

Marfat.com

النَّاسِ لِيُذِيقَهُمْ بَعْضَ الَّذِي عَمِلُوا لَعَلَّهُمْ

يَرْجِعُونَ ○ (الروم)

(۶۲) حضرت لقمان علیہ السلام کی اپنے بیٹے کو چند نصیحتیں[۱] :-

يٰبُنَيَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ

الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ

الْاُمُوْرِ ○ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي

الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ج

وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ

---

[۱] اس رکوع میں مسئلہ توحید۔ اجتناب شرک۔ والدین سے حسن سلوک گناہ کے کاموں کو نہ ماننا عزم بالجزم۔ عادم سلوک اور غرور و فخر کی مذمت۔ میانہ روی اور خوش کلامی کی تلقین اور ہدایات

Marfat.com

لوگوں کے نے تو کہ جھکا دے اُن کو بعض اس چیز کہ کرتے ہیں تو کہ

وہ باز آجاویں۔

(۶۲) حضرت لقمان علیہ السلام کی اپنے بیٹے کو

چند نصیحتیں :۔

بیٹا قائم کر نماز کو اور حکم کر ساتھ بھلائی کے اور منع کر

بُرائی سے اور صبر کر اوپر اس چیز کے کہ پہنچے تجھ کو تحقیق یہ بڑے

کاموں میں سے ہے اور مت پھیر رُخ اپنے کو لوگوں سے اور مت

چل زمین میں اترا کر بیشک اللہ نہیں دوست رکھتا ہر تکبر کرنیوالے شیخی کرنے

والے کو اور اعتدال اختیار کر بیچ چال اپنی کے اور نرم کر آواز اپنی کو بیشک

نیک عمل ضائع نہیں ہوتا۔ ذکر نماز کی پابندی نیکی کا پھیلانا اور برائی کو روکنا صبر برداشت بیان کی گئی ہیں۔

Marfat.com

اَنۡكَرَ الۡاَصۡوَاتِ لَصَوۡتُ الۡحَمِيۡرِ ۝ (لقمٰن)

(۶۳) اللہ کو بہت بہت یاد کیا کرو۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اذۡكُرُوا اللّٰهَ ذِكۡرًا كَثِيۡرًا ۙ
وَّسَبِّحُوۡهُ بُكۡرَةً وَّاَصِيۡلًا ۝ هُوَ الَّذِىۡ يُصَلِّىۡ
عَلَيۡكُمۡ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخۡرِجَكُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
اِلَى النُّوۡرِ ؕ وَكَانَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ رَحِيۡمًا ۝ (الاحزاب)

(۶۴) حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود[2] بھیجو۔

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوۡنَ عَلَى النَّبِىِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا
الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَيۡهِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا ۝

(الاحزاب)

---

[1] ایسی آواز انسانی علم و وقار کے سراسر خلاف ہے۔

خضری: ۔ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ مشائخ کرتے ہیں۔ آپ بھی پڑھ لیا کریں۔ درود معنی برکت و رحمت یعنی خدا اپنی برکات رسولؐ

Marfat.com

بہت ناپسندیدہ آواز گدھوں کی آواز ہے۔

(۶۳) اللہ کو بہت بہت یاد کیا کرو۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو یاد کرو اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا بہت
پاکی بیان کرو اس کی صبح اور شام۔ وہی ہے جو رحمت بھیجتا ہے
او پر تمہارے اور فرشتے اس کے تو کہ نکالے تم کو اندھیروں سے طرف
روشنی کے اور ہے ساتھ ایمان والوں کے مہربان۔

(۶۴) حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجو۔

تحقیق اللہ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں اوپر نبی کے اے لوگو
جو ایمان لائے ہو درود بھیجو اوپر اس کے اور خوب سلام بھیجا کرو۔

ؔ بہترین اور زیادہ اجر و ثواب کا حامل وہ درود ہے جو ہم نمازوں میں پڑھتے ہیں۔ درود طریقت نقشبندیہ جسے صبح سے پیشتر یا بعد کم از کم پانچ سو دفعہ پڑھنے کی تلقین فرمایا پر بھیجتا ہے اور فرشتے رحمت الٰہی کی دعا کرتے ہیں اور یہی مطالبہ مسلمانوں سے ہے۔

Marfat.com

(۶۵) مسلمانو! کھری بات کیا کرو:۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا
سَدِیْدًا ۝ (الاحزاب)

(۶۶) اے اُمید مت ہو:۔

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝ وَاَنِیْبُوْۤا
اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَكُمُ
الْعَذَابُ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ (الزمر)

(۶۷) خیال کرنے سے ہدایت حاصل ہوتی ہے:۔

اَللّٰهُ یَجْتَبِیْۤ اِلَیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَیَهْدِیْۤ اِلَیْهِ
مَنْ یُّنِیْبُ ۝ (الشوریٰ)

Marfat.com

(۶۵) مسلمانو! کھری بات کیا کرو:۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو۔ ڈرو اللہ تعالیٰ سے۔ اور کہو بات سچی۔

(۶۶) بے اُمید مت ہو:۔

مت نا اُمید ہو رحمت اللہ کی سے تحقیق اللہ بخشتا ہے گناہ سارے تحقیق وہی ہے بخشنے والا مہربان، اور رجوع کرو طرف پروردگار اپنے کی اور مطیع رہو واسطے اس کے پہلے اس سے کہ آوے تم کو عذاب پھر نہ مدد کئے جاؤ گے۔

(۶۷) خیال کرنے سے ہدایت حاصل ہوتی ہے:۔

اللہ کھینچ لیتا ہے اپنی طرف جس کو چاہتا ہے اور راہ دکھاتا ہے اپنی طرف جو رجوع کرتا ہے۔

Marfat.com

(۶۸) معاملات، و سیاسیات میں باہم مشورہ کیا کرو:۔

وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ص (الشوریٰ)

(۶۹) قرآن حکیم میں خلوص دل کے ساتھ غور و فکر کرو:۔

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ○ (محمد)

(۷۰) نہ عیب لگاؤ اور نہ بُرے نام رکھو:۔

وَلَا تَلْمِزُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ (الحجرات)

(۷۱) بدظنی، عیب جوئی اور چغل خوری سے بچو:۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ

الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ (الحجرات)

(۷۲) اللہ کے نزدیک زیادہ عزت والا کون ہے:۔

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ

Marfat.com

(۶۸) معاملات و سیاسیات میں باہم مشورہ کیا کرو:۔

اور کام ان کا آپس کے مشورہ سے ہوتا ہے۔

(۶۹) قرآن حکیم میں خلوصِ دل کے ساتھ غور و فکر کرو:۔

کیا پس نہیں فکر کرتے بیچ قرآن کے کیا اوپر دلوں کے قفل ہیں ان کے

(۷۰) نہ عیب لگاؤ اور نہ برے نام رکھو:۔

اور مت عیب لگاؤ ایک دوسرے کو اور مت پکارو برے لقبوں سے۔

(۷۱) بدظنی عیب جوئی اور چغل خوری سے بچو:۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو۔ بچو بہت گمانوں سے تحقیق بعض گمان گناہ ہے

اور مت جاسوسی کرو اور نہ غیبت کریں بعضے تمہارے بعض کی۔

(۷۲) اللہ کے نزدیک زیادہ عزت والا کون ہے

تحقیق بہت بزرگ تمہارا نزدیک اللہ کے پرہیزگار تمہارا ہے تحقیق اللہ

Marfat.com

خَبِيْرٌ ○ (الحجرات)

(۷۳) مقصدِ حیات :-

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ○

(الذّٰریٰت)

(۷۴) سعی و کوشش :-

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ○ (النجم)

(۷۵) آدابِ مجلس :-

اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا

يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَاِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا ○ (المجادلہ)

(۷۶) جو بات کرو اس پر عمل کر کے دکھاؤ :-

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ○

Marfat.com

جاننے والا خبردار ہے۔

(۷۳) مقصدِ حیات

اور میں نے جن اور انسان کو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ میری عبادت کیا کریں۔

(۷۴) سعی و کوشش :-

اور انسان پر فرض ہے کہ وہ کوشش کرے۔

(۷۵) آدابِ مجلس :-

جب کہا جاوے واسطے تمہارے کشادگی کرو بیچ مجلسوں کے پس کشادہ کرو کشادہ کردیگا اللہ واسطے تمہارے اور جب کہا جاوے اٹھ کھڑے ہو پس اُٹھ کھڑے ہو۔

(۷۶) جو بات کرو اُس پر عمل کر کے دکھاؤ :-

اے لوگو جو ایمان لائے ہو کیوں کہتے ہو جو کچھ کہ نہیں کرتے۔

Marfat.com

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ○ (الصف)

(۷۷) نماز کے بعد روزی تلاش کرو:۔

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ (الجمعہ)

(۷۸) موت اور زندگی کی آزمائش:۔

اَلَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط (الملک)

(۷۹) صفائی رکھو اور گندگی سے بچو:۔

وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ○ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ○ (المدثر)

جمعہ کی فرضیت واہمیت ظاہر ہے اور اس ہفتہ واری اجتماع میں علمی روحانی

Marfat.com

بڑا ہے ناخوشی ہیں نزدیک خدا کے یہ کہ کہو جو کچھ کہ نہیں کرتے ۔

(۷۷) نماز کے بعد روزی تلاش کرو :-

پس جب نماز (جمعہ) پوری ہو چکے پس پھیل جاؤ بیچ زمین کے اور خدا کی روزی تلاش کرو اور اس میں بھی اللہ کو بکثرت یاد کرتے رہو۔ تاکہ تم فلاح پاؤ ۔

(۷۸) موت اور زندگی کی آزمائش :-

جس نے پیدا کیا موت کو اور زندگی کو تاکہ آزمائے تم کو کونسا تم میں سے بہتر ہے عمل میں ۔

(۷۹) صفائی رکھو اور گندگی سے بچو :-

اور اپنے کپڑوں کو پاک رکھیئے اور پلیدی کو پس چھوڑ دے ۔

سیاسی ۔ اخلاقی اور تبلیغی مواعظ و فوائد واضح ہیں ۔

Marfat.com

(۸۰) بے نمازی مجرم کی حیثیت سے دوزخ میں ہوگا:۔

اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ۝ فِىْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ مَا سَلَكَكُمْ فِىْ سَقَرَ ۝ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۝ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۝ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ۝ (المدثر)

(۸۱) محنت اور کامیابی

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝ (الانشقاق)

(۸۲) انسانی ترقی کے چار مدارج:۔

(ایمان عمل صالح تبلیغ حق اور استقامت)

وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِىْ خُسْرٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ

Marfat.com

(۸۰) بے نمازی مجرم کی حیثیت سے دوزخ میں ہوگا:۔

مگر داہنی طرف والے بیچ بہشتوں کے ہوں گے پوچھتے ہوں گے گنہگاروں سے۔ کیا چیز لے گئی تم کو بیچ دوزخ کے۔ کہیں گے نہ تھے ہم نماز پڑھنے والوں میں سے اور نہ تھے ہم کھانا کھلاتے غریبوں کو۔ اور مشغلہ میں رہنے والوں کے ساتھ ہم بھی اس مشغلہ میں رہا کرتے تھے۔

(۸۱) محنت اور کامیابی:۔

اے انسان تحقیق تو محنت کرنے والا ہے طرف رب اپنے کی خوب محنت کر پس ملنے والا ہے اس سے۔

(۸۲) انسانی ترقی کے چار مدارج:۔

(ایمان۔ عمل صالح۔ تبلیغ حق اور استقامت)

قسم ہے زمانہ کی (جس میں نفع و نقصان واقع ہوتا ہے) کہ انسان (بوجہ

Marfat.com

اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ تَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ۬ وَ تَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ○ (العصر)

○

احادیثِ نبوی[1]

(۱) نیت :-

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ ○

(۲) ایمان کی حقیقت :-

اَلْاِیْمَانُ بَیْنَ الْخَوْفِ وَالرَّجَاءِ ○

---

[1] احادیث جمع حدیث، جو جنابِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے قول فعل کو کہتے ہیں۔ (بات۔کام)

Marfat.com

تضییع عمر بڑے خسارے میں ہے مگر جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے اور ایک دوسرے کو (اعتقاد) حق (پر قائم رہنے) کی فہمائش کرتے رہے اور ایک دوسرے کو (اعمال کی) پابندی کی فہمائش کرتے رہے۔

○

ترجمہ احادیث نبوی ص

(۱) نیت :۔

عمل نیتوں[1] کے ساتھ ہیں۔

(۲) ایمان کی حقیقت :۔

ایمان (خدا کے) ڈر[2] اور امید کے درمیان ہے۔

---

[1] جیسی نیت ویسی مراد۔ [2] اللہ کے عذاب سے ڈرنا اور اس کی رحمت کی اُمید رکھنا۔

Marfat.com

(۳) فرضیت علم :-

اَلْعِلْمُ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ وَّ مُسْلِمَۃٍ ○

(۴) طلب علم :-

اُطْلُبُوا الْعِلْمَ وَلَوْ کَانَ بِالصِّیْنِ ○

(۵) علم کے ساتھ عمل کی ضرورت :-

اَلْعِلْمُ بِدُوْنِ الْعَمَلِ وَبَالٌ وَالْعَمَلُ بِدُوْنِ الْعِلْمِ ضَلَالٌ ○

(۶) ایمان اور کفر میں فرق :-

اَلْفَرْقُ بَیْنَ الْکُفْرِ وَالْاِیْمَانِ تَرْکُ الصَّلٰوۃِ ○

لہ مذہبی تعلیم کے علاوہ مروجہ علوم طبیعات - جدید سائنس ، صنعت و حرفت وغیرہ

Marfat.com

(۳) فرضیت علم :-

علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان مرد و ہر مسلمان عورت پر فرض ہے۔

(۴) طلب علم :-

علم حاصل کرو اگرچہ چین[۱] جیسے دور دراز ملک میں ہو۔

(۵) علم کے ساتھ عمل کی ضرورت :-

علم بغیر عمل کے وبال جان ہے اور عمل بغیر علم کے گمراہی ہے۔

(۶) ایمان اور کفر میں فرق :-

کفر اور ایمان کے درمیان نماز چھوڑنے کا فرق ہے۔

کا بھی علاوہ بعد مسافت استدلال ہو سکتا ہے۔

Marfat.com

(۷) نماز کا چھوڑنا بہت بڑا گناہ ہے:۔

بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ ○

(۸) نماز کی پابندی نہیں تو دین نہیں[1]:۔

لَا دِيْنَ لِمَنْ لَا صَلٰوةَ لَهٗ ○

(۹) عبادت کا طریقہ:۔

اَنْ تَعْبُدَ اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَاِنَّهٗ يَرَاكَ ○

(۱۰) نماز کی فرضیت و پرسش:۔

اَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ الصَّلٰوةُ فَاِنْ صَلَحَتْ صَلَحَ سَائِرُ عَمَلِهٖ وَاِنْ

---

[1] تارکِ نماز گناہ کبیرہ کا مرتکب ہے جس کی سزا بلا توبہ مرجائے تو دوزخ ہے

Marfat.com

(۷) نماز کا چھوڑنا بہت بڑا گناہ ہے:۔

بندے کو کفر سے ملا دینے والی چیز ترکِ نماز ہی ہے۔

(۸) نماز کی پابندی نہیں تو دین نہیں:۔

جس کے پلّے میں نماز نہیں، اس کے دامن میں دین نہیں۔

(۹) عبادت کا طریقہ:۔

خدا کی اس طرح عبادت کر گویا کہ تو اُسے دیکھتا ہے اگر تو اسے نہیں دیکھ سکتا تو وہ تو ضرور دیکھتا ہے۔

(۱۰) نماز کی فرضیت و پرسش:۔

قیامت کے دن پہلے جس چیز کا بندے سے حساب ہوگا وہ نماز ہے اگر درست ہوئی تو دوسرے عمل بھی کام کے نکلیں گے اگر یہ

ہاں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تارک نماز خارج از اسلام ہے۔

Marfat.com

فَسَدَتْ فَسَدَ سَائِرُ عَمَلِہٖ ○

(۱۱) کامل مومن کسے کہتے ہیں :-

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ

وَّالِدِہٖ وَوَلَدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ ○

(۱۲) مسواک کی اہمیت :-

کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ

لِلتَّھَجُّدِ مِنَ اللَّیْلِ یَشُوْصُ فَاہُ بِالسِّوَاکِ ○

(۱۳) فضیلت قرآن مجید :-

خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَہٗ ○

لہ حضور نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی محبت والفت آپ کی پیروی وفرمانبرداری

Marfat.com

خراب ہوئی تو دوسرے اعمال بھی کام نہ آئیں گے۔

(۱۱) کامل مومن کسے کہتے ہیں:

تم میں سے کوئی (کامل) مومن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ میں اس کے دل میں اسکے والدین اور اسکی اولاد اور بہت لوگوں سے زیادہ پیارا نہ ہو جاؤں۔

(۱۲) مسواک کی اہمیت:۔

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو تہجد کے لئے اُٹھتے تو منہ کو مسواک سے صاف کرتے۔

(۱۳) فضیلتِ قرآن مجید:۔

تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو قرآن مجید پڑھتا اور پڑھاتا ہے۔

سے ہی حاصل ہو سکتی ہے اور آپ پر زیادہ درود شریف پڑھنے سے

Marfat.com

(۱۴) صفائی :-

اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ ○

(۱۵) جسم کپڑے اور جگہ کو صاف رکھو :-

تَنَظَّفُوْا فَاِنَّ الْاِسْلَامَ نَظِیْفٌ ○

(۱۶) اعتدال پسندی :-

خَیْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَاطُھَا ○

(۱۷) شرم و حیا :-

اَلْحَیَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْاِیْمَانِ ○ (بخاری)

(۱۸) نیک نیتی و نیک عمل :-

اِنَّ اللّٰهَ لَا یَنْظُرُ اِلٰی صُوَرِکُمْ وَلَا اَمْوَالِکُمْ وَلٰکِنْ
یَنْظُرُ اِلٰی قُلُوْبِکُمْ وَاَعْمَالِکُمْ ○ (مسلم)

Marfat.com

(۱۴) صفائی :-

پاک وصاف رہنا آدھا ایمان ہے۔

(۱۵) جسم کپڑے اور جگہ کو صاف رکھو :-

صفائی رکھا کرو کیونکہ اسلام پاکیزہ مذہب ہے

(۱۶) اعتدال پسندی :-

سب سے بہتر کام وہ ہیں جو میانہ روی سے کئے جاویں۔

(۱۷) شرم وحیا :-

شرم وحیا ایمان کی شاخ ہے۔

(۱۸) نیک نیتی و نیک عمل :-

اللہ تعالیٰ تمہاری شکلوں اور نہ ہی تمہارے مالوں کو دیکھتا ہے بلکہ وہ تمہارے دلوں اور کاموں کو دیکھتا ہے۔

Marfat.com

(۱۹) حلال روزی :-

طَلَبُ كَسْبِ الْحَلَالِ فَرِيْضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيْضَةِ۔

(شعب الایمان)

(۲۰) مسلمان کی تعریف :-

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ۔

(۲۱) امانت و وعدہ کی پابندی :-

لَا اِيْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَةَ لَهٗ وَلَا دِيْنَ لِمَنْ لَا
عَهْدَ لَهٗ

(۲۲) طریقِ رسول ﷺ کی اشاعت :-

مَنْ اَحْيَا سُنَّتِیْ فَقَدْ اَحْيَانِیْ مَنْ اَحْيَانِیْ كَانَ
مَعِیَ فِی الْجَنَّةِ

Marfat.com

(۱۹) حلال روزی :۔

نماز روزہ کے بعد حلال کمائی کی تلاش فرض ہے۔

(۲۰) مسلمان کی تعریف :۔

مسلمان وہ ہے جس کی زبان و ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں۔

(۲۱) امانت و وعدہ کی پابندی :۔

جو شخص دیانتدار نہیں اس کا ایمان بھی کچھ نہیں اور جو اپنے وعدے کا پکا نہیں اس کا دین بھی کچھ نہیں۔

(۲۲) طریق رسولؐ کی اشاعت :۔

جس نے میرے طریقہ کو زندہ کیا اس نے مجھے زندہ کیا جس نے مجھے زندہ کیا وہ میرے ساتھ بہشت میں ہوگا۔

Marfat.com

(۲۳) چھ باتوں پر عمل کر کے بہشت حاصل کرو:۔

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَضْمَنُوْا لِیْ سِتًّا مِّنْ اَنْفُسِکُمْ اَضْمَنْ لَکُمُ الْجَنَّۃَ اُصْدُقُوْا اِذَا حَدَّثْتُمْ وَاَوْفُوْا اِذَا وَعَدْتُّمْ وَ اَدُّوْا اِذَا اُؤْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَکُمْ وَ غُضُّوْا اَبْصَارَکُمْ وَ کُفُّوْا اَیْدِیَکُمْ○

(۲۴) پابندی وقت:۔

صَلِّ الصَّلٰوۃَ لِوَقْتِہَا○

لہ فروج جمع فرج شرمگاہ۔

Marfat.com

(۲۳) چھ باتوں پر عمل کر کے بہشت حاصل کرو:۔

جناب پیغمبر خدا صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میرے لئے چھ چیزوں کے ضامن ہو جاؤ۔ میں تمہارے لئے بہشت کا ضامن ہو جاتا ہوں۔ (۱) ہمیشہ سچ بولو۔ (۲) اپنے وعدے کو پورا کرو۔ (۳) امانت کو ہمیشہ پورا ادا کرو۔ (۴) اپنی شرم گاہوں کی حفاظت رکھو۔ (۵) اپنی نگاہیں نیچی رکھو۔ (۶) اپنے ہاتھوں کو (ظلم اور بُرے کاموں سے) روکو۔

(۲۴) پابندی وقت:۔

تم اپنے وقت پر نماز پڑھا کرو۔

۲ے ابصار۔ جمع بصر (نگاہ)

Marfat.com

(۲۵) رفاہِ عامہ :-

خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَّنْفَعُ النَّاسَ ○

(۲۶) دو رُخی چھوڑو :-

مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
لِسَانٌ مِّنْ نَّارٍ ○

(۲۷) چُغل خوری سے بچو :-

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ نَمَّامٌ ○

(۲۸) حقِ قرابت داری :-

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ ○

(۲۹) کون لوگ بہشت میں داخل نہیں ہوں گے :-

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنَّانٌ وَلَا عَاقٌّ وَلَا مُدْمِنٌ

Marfat.com

(۲۵) رفاہ عامہ:۔

لوگوں سے بہتر وہ ہے جو لوگوں کو فائدہ پہنچائے۔

(۲۶) دو رُخی چھوڑو:۔

جو شخص دنیا میں دو رُخا ہو گا۔ قیامت کے دن اس کی زبان آگ کی ہو گی۔

(۲۷) چُغل خوری سے بچو:۔

چُغل خور بہشت میں داخل نہیں ہو گا۔

(۲۸) حقِ قرابت داری:۔

رشتہ داروں کو چھوڑنے والا بہشت میں داخل نہیں ہو گا۔

(۲۹) کون لوگ بہشت میں داخل نہیں ہوں گے:۔

احسان رکھنے والا۔ ماں باپ کا نافرمان اور دائمی شرابی بہشت

Marfat.com

خَمْرٍ ○ (نسائی)

(٣٠) رضاکار (سکاؤٹ)

رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا
وَمَا عَلَيْهَا ○ (بخاری)

(٣١) رضاکارانہ طور پر راستے سے تکلیف[1] دور کرو:-

إِمَاطَةُ الْاَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ ○ (بخاری شریف)

(٣٢) ضبط و تنظیم:-

عَلَيْكُمْ بِالْجَمَاعَةِ ○

(٣٣) کسی کو گالی مت دو:-

سَبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ ○

---

[1] کانٹا، چھلکا اور شیشہ وغیرہ۔

Marfat.com

میں نہیں جائیں گے۔

(۳۰) رضا کار۔اسکاوٹ)

اللہ کے راستے میں ایک دن نگہبانی کرنا دنیا اور اس کے تمام اسباب سے بہتر ہے۔

(۳۱) رضا کارانہ طور پر راستے سے تکلیف دور کرو:۔

راستہ میں سے تکلیف دینے والی چیزوں کو دور کرنا۔

(۳۲) ضبط و تنظیم :۔

جماعت کو لازم پکڑو۔

(۳۳) کسی کو گالی مت دو:۔

مسلمان کو گالی دینا بڑا گناہ ہے اور اس سے لڑنا کفر ہے۔

Marfat.com

(۳۴) خدا کی مخلوق پر ترس کھاؤ۔

مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ ○

(۳۵) مسلمان کو دھوکہ مت دو۔

مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا ○

(۳۶) نشے والی چیزیں استعمال نہ کرو۔

اِجْتَنِبُوْا كُلَّ مُسْكِرٍ ○

(۳۷) رشوت سے بچو۔

اَلرَّاشِيْ وَالْمُرْتَشِيْ فِي النَّارِ ○

(۳۸) نیکی کی ترغیب دو۔

اَلدَّالُ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ ○

Marfat.com

(۳۴) خدا کی مخلوق پر ترس کھاؤ:۔

جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

(۳۵) مسلمان کو دھوکہ مت دو:۔

جس نے ہم سے (مسلمانوں سے) دھوکہ بازی کی وہ ہم میں سے نہیں۔

(۳۶) نشے والی چیزیں استعمال نہ کرو:۔

ہر نشہ والی چیز سے پرہیز کرو۔

(۳۷) رشوت سے بچو:۔

رشوت لینے والا اور رشوت دینے والا دوزخ میں ہوں گے۔

(۳۸) نیکی کی ترغیب دو:۔

نیکی کی ترغیب دینے والا نیکی کرنے والے جیسا ہے۔

Marfat.com

(٣٩) نیکی کی تبلیغ کرو:۔

بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَةً ۝

(٤٠) چھوٹے گناہوں سے بھی بچو:۔

اِیَّاكَ وَ مُحَقَّرَاتِ الذُّنُوْبِ فَاِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا ۝

(٤١) خوش خُلقی:۔

اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ السَّهْلَ الطَّلْقَ[1] ۝

(٤٢) مُسلمان کو نقصان نہ پہنچاؤ:۔

لَیْسَ مِنَّا مَنْ غَشَّ مُسْلِمًا اَوْ ضَرَّهٗ اَوْ مَا كَرَّهٗ ۝

---

[1] حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم خُوش خُلقی اور مسکراہٹ سے باتیں

Marfat.com

(۳۹) نیکی کی تبلیغ کرو:۔

میری طرف سے پہنچا دو اگرچہ ایک ہی آیت ہو۔

(۴۰) چھوٹے گناہوں سے بھی بچو:۔

اُن گناہوں اور بُرائیوں سے بھی بچو جن لوگ معمولی سمجھتے ہیں۔ ان کی بابت بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے بازپُرس ہوگی۔

(۴۱) خوش خُلقی:۔

اللہ تعالیٰ خوش خلق اور ہنس مکھ بندے کو پسند کرتا ہے۔

(۴۲) مُسلمان کو نقصان نہ پہنچاؤ:۔

وہ ہم میں سے نہیں جس نے مُسلمان کو دھوکہ دیا یا اسے نقصان پہنچایا یا اس سے زبردستی کی۔

کیا کرتے تھے۔

Marfat.com

(۴۳) اُستاد کا ادب و تعظیم کرو:۔

وَقِّرُوْا مَنْ تَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُ الْعِلْمَ ○

(۴۴) گناہ کی بات مت مانو:[1]

لَا طَاعَةَ فِیْ مَعْصِیَةٍ اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِی الْمَعْرُوْفِ ○

(۴۵) ماں کی خدمت کرو:۔

اِنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ ○

(۴۶) بڑوں کا ادب کرو اور چھوٹوں پر شفقت:۔

مَنْ لَّمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا فَلَیْسَ مِنَّا ○

---

[1] والدین۔ اُستاد اور حاکم اگر کسی گناہ کا حکم دیں تو اسے نہ مانو۔

Marfat.com

(۴۳) اُستاد کا ادب و تعظیم کرو۔

جن سے تم علم سیکھتے ہو اُن کا ادب کرو۔

(۴۴) گناہ کی بات مت مانو۔

گناہ میں کسی کا کہا نہ مانا جائے سوائے اس کے نہیں کہ فرمانبرداری نیکی میں ہوتی ہے۔

(۴۵) ماں کی خدمت کرو۔

بہشت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔

(۴۶) بڑوں کا ادب کرو اور چھوٹوں پر شفقت۔

جس نے ہمارے چھوٹوں پر رحم نہیں کیا اور ہمارے بڑوں کا ادب نہیں کیا وہ ہم سے نہیں۔

Marfat.com

(٤٧) جنتی مسلمان :-

مَنْ اَكَلَ طَيِّبًا وَعَمِلَ فِیْ سُنَّةٍ وَّاَمِنَ
النَّاسُ بَوَائِقَهٗ دَخَلَ الْجَنَّةَ ○

(٤٨) پانچ چیزوں کی قدر کرو :-

اِغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ شَبَابَكَ قَبْلَ
هَرَمِكَ وَ صِحَّتَكَ قَبْلَ سُقْمِكَ
وَ غِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ وَ فَرَاغَكَ قَبْلَ
شُغْلِكَ وَحَيَاتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ ○

(٤٩) جانوروں کو مت ستاؤ :-

نَهٰى عَنْ تَعْذِيْبِ الْحَيْوَانِ ○

Marfat.com

(۴۷) جنتی مسلمان :-

جس نے حلال روزی کھائی اور حضور نبی کریمؐ کے طریقہ پر عمل کیا اور لوگ اس کی زیادتیوں اور شر سے محفوظ ہے وہ بہشت میں داخل ہوگا۔

(۴۸) پانچ چیزوں کی قدر کرو :-

پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو (۱) جوانی کو بڑھاپے سے پہلے (۲) تندرستی کو بیماری سے پہلے (۳) خوشحالی کو تنگدستی سے پہلے (۴) فرصت کو مصروفیت سے پہلے۔

(۵) اور اپنی زندگی کو موت سے پہلے۔

(۴۹) جانوروں کو مت ستاؤ :-

آں حضرت صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے کسی بھی جانور کو دُکھ دینے سے منع فرمایا۔

Marfat.com

(٥٠) مسلمان سے قطع تعلق مت کرو:-

لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثٍ فَمَنْ هَجَرَ فَوْقَ ثَلَاثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ ○

(٥١) ہمیشہ سچ بولو اور جھوٹ چھوڑو:-

اَلصِّدْقُ يُنْجِيْ وَالْكِذْبُ يُهْلِكُ ○

(٥٢) کنجوسی اور بزدلی اچھی نہیں:-

لَا يَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يَّكُوْنَ بَخِيْلًا وَّلَا جَبَانًا ○

(٥٣) بُرے دوست سے بچو:-

اِيَّاكَ وَصَاحِبَ السُّوْءِ فَاِنَّهٗ قِطْعَةٌ مِّنَ النَّارِ ○

Marfat.com

(۵۰) مسلمان سے قطع تعلق مت کرو:۔

کسی مسلمان کو جائز نہیں کہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ سلام و کلام ترک کرے جس شخص نے تین دن سے زیادہ قطع تعلق کیا پھر ایسی حالت میں مر گیا تو دوزخ میں جائے گا۔

(۵۱) ہمیشہ سچ بولو اور جھوٹ چھوڑ دو:۔

سچ نجات دیتا ہے اور جھوٹ ہلاک کرتا ہے۔

(۵۲) کنجوسی اور بزدلی اچھی نہیں:۔

مومن کو کنجوس اور ڈرپوک نہیں ہونا چاہیئے۔

(۵۳) برے دوست سے بچو:۔

برے ساتھی سے اپنے آپ کو بچا کیوں کہ وہ آگ کا ٹکڑا ہے۔

Marfat.com

(۵۴) استقلال :-

أَحَبُّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللّٰهِ أَدْوَمُهَا وَإِنْ قَلَّ ○

(۵۵) دخل در معقولات :-

إِذَا كَانَ اثْنَانِ يَتَنَاجَيَانِ فَلَا تَدْخُلْ بَيْنَهُمَا ○

(۵۶) بہادری :-

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الشَّجَاعَةَ وَلَوْ كَانَ عَلَى حَيَّةٍ أَوْ عَقْرَبٍ ○

(۵۷) قرض سے بچو :-

لَا تَسْتَدِرُّوا بِالدَّيْنِ فَإِنَّهُ يَنْقُصُ مِنَ

لہ یہ نہیں کہ کسی میت کو دیکھ کر نماز پڑھنی شروع کر دی پھر موت اور قبر بھول گئی یا انجان کے نزدیک

Marfat.com

(۵۴) استقلال :-

اللہ کے نزدیک وہ عمل سب سے زیادہ پسندیدہ ہے جو ہمیشہ کیا جائے خواہ تھوڑا ہو۔[1]

(۵۵) دخل در معقولات :-

جب دو آدمی سرگوشی کر رہے ہوں تو ان میں دخل مت دو۔

(۵۶) بہادری :-

بے شک اللہ تعالیٰ کو بہادری پسند ہے خواہ وہ سانپ اور بچھو کے مارنے پر ہو۔

(۵۷) قرض سے بچو :-

چیزیں ادھار نہ خریدا کرو۔ کیوں کہ ایسا کرنا دین اور عزت کو

---

[1] پڑھنے لگے اور پھر لاپرواہی۔ استقلال اور پابندی کامیابی کے اسباب ہیں۔

Marfat.com

الدِّیْنِ وَالْحَسَبِ ○

(۵۸) پڑوسی کا حق :-

لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَّا یَأْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ ○

(۵۹) حلال و حرام کی تمیز ضروری ہے :-

یَأْتِیْ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ لَا یُبَالِی الْمَرْءُ مَا اَخَذَ مِنْهُ اَمِنَ الْحَلَالِ اَمْ مِنَ الْحَرَامِ ○

(۶۰) مسلمان کا مسلمان پر ہتھیار اٹھانا حرام ہے :-

مَنْ حَمَلَ عَلَیْنَا السِّلَاحَ فَلَیْسَ مِنَّا ○

---

[۱] بعض بچے دکان مدرسہ یا طلبا سے قرض لے کر چیزیں کھاتے ہیں۔ یہ بہت

[۲] کہیں یہ بلیک مارکیٹنگ کا زمانہ تو نہیں ۔ جیسے اب فوجی حکومت

Marfat.com

گھٹاتا ہے۔

(۵۸) پڑوسی کا حق :-

وہ شخص بہشت میں نہیں جائے گا۔ جس کے ہمسائے اس کی تکلیفوں سے محفوظ نہ ہوں۔

(۵۹) حلال و حرام کی تمیز ضروری ہے :-

لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اس بات کی پرواہ نہیں کرے گا کہ جو کچھ اس نے لیا ہے وہ حلال ہے یا حرام ہے۔

(۶۰) مسلمان کا مسلمان پر ہتھیار اُٹھانا حرام ہے :-

جس نے ہم پر ہتھیار اٹھایا پس وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

بُری عادت ہے۔ ایسے ہی بے ضرورت بازار سے ادھار لینا بہت بُرا ہے۔ ہٹا رہی ہے۔

Marfat.com

(۶۱) السّلام علیکم کہنا سُنّت ہے اور وعلیکم السّلام کہنا فرض ہے:۔

اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْکَلَامِ ○

(۶۲) حسد سے بچو:۔

اَلْحَسَدُ یَاْکُلُ الْحَسَنَاتِ کَمَا تَاْکُلُ النَّارُ الْحَطَبَ ○

(۶۳) اناپ شناپ نہ کھاؤ:۔

اِنَّ کَثْرَۃَ الْاَکْلِ شُوْمٌ ○

(۶۴) بازار میں یا چلتے مت کھاؤ:۔

اَلْاَکْلُ فِی السُّوْقِ دَنَاءَۃٌ ○

(۶۵) مسلم بچوں کی فوجی تربیت:۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَقٌّ

Marfat.com

(۶۱) السّلام علیکم کہنا سُنّت ہے اور وعلیکم السّلام کہنا فرض ہے:۔

بات کرنے سے پہلے سلام کرنا چاہیئے۔

(۶۲) حسد سے بچو:۔

حسد نیکیوں کو اس طرح کھا لیتا ہے جس طرح آگ ایندھن کو

(۶۳) اناپ شناپ نہ کھاؤ:۔

اناپ شناب کھانا بُری بات ہے۔

(۶۴) بازار میں یا چلتے مت کھاؤ:۔

بازار میں کھانا کمینہ حرکت ہے۔

(۶۵) مسلم بچوں کی فوجی تربیت:۔

جناب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔ باپ پر بیٹے کا

Marfat.com

اَلْوَلَدِ عَلَى الْوَالِدَيْنِ يُعَلِّمَهُ الْكِتَابَةَ وَالسِّبَاحَةَ

وَالرَّمْيَ ۝

(۶۶) قوت (فوجی طاقت) رمی (پھینکنا) کی تشریح

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْقُوَّةَ

الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ ۝

(۶۷) اللہ کی راہ میں پہرہ داری وجہاد:۔

لَغَدْوَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا

وَمَا فِيْهَا ۝

(۶۸) بچوں کی دعا:۔

دُعَآءُ اَطْفَالِ اُمَّتِيْ يُسْتَجَابُ مَا لَمْ يُقَارِفُوْا

لے جیسے تیر۔ رائفل۔ مشین گن۔ توپ۔ جنگی جہاز۔ ایٹم بم۔ ہائیڈروجن بم وغیرہ

Marfat.com

حق ہے۔ کہ اسے لکھنا۔ تیرنا اور پھینکنا سکھائے۔

(۶۶) قوت (فوجی طاقت) رمی (پھینکنا کی تشریح)

جناب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خبردار قوت سے مراد رمی یعنی وہ چیز ہے جسے دور سے پھینک کر دشمن کو مغلوب کیا جا سکتا ہے

(۶۷) اللہ کی راہ میں پہرہ داری و جہاد۔

اللہ تعالیٰ کی راہ (جہاد) میں ایک دن صبح کو جانا یا ایک دن شام کو جانا ساری دنیا سے بہتر ہے۔

(۶۸) بچوں کی دعاء۔

میری اُمّت کے بچوں کی دعا قبول کی جاتی ہے۔ جب تک گناہ

Marfat.com

الذُّنُوْبَ ○

(۶۹) پانچ ارکان اسلام :-

بُنِیَ الْاِسْلَامُ عَلٰی خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوةِ وَحَجِّ الْبَیْتِ وَصَوْمِ رَمَضَانَ ○

(۷۰) اللہ کو کون لوگ پسند ہیں :-

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِیَّ الْغَنِیَّ الْخَفِیَّ[1] ○ (صحیح مسلم)

○

---

[1] جو نیکی کرنے والا اور گناہوں سے بچنے والا، خلقِ خدا سے بے پرواہ

Marfat.com

نہ کریں۔

(۶۹) پانچ ارکانِ اسلام:۔

اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے اس بات کا اقرار کرنا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ نماز قائم کرنا۔ زکوٰۃ دینا اور خانہ کعبہ کا حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔

(۷۰) اللہ کو کون لوگ پسند ہیں:۔

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اس بندے کو پسند فرماتا ہے۔ جو پرہیزگار غنی اور لوگوں کی نظروں سے چھپنے والا ہو۔

اور عبادت الٰہی کے لئے فضول مجلسوں سے بچنے والا ہو۔

Marfat.com

آئینۂ

قرآن و حدیث

تعلیم و تربیت طلبا و طالبات

Marfat.com